Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-140**
موضوع: **اجتماعی تعلیمی کونسلوں کے اراکین کی نامزدگی اور انتخاب بشمول خالی آسامیوں کو پُر کرنے کا طریقِ کار**
زمرہ: **اجتماعی تعلیمی کونسلیں**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2022**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے D-140 مورخہ 29 اپریل، 2021 کی تجدید کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- پورے ضابطے میں نیو یارک تعلیمی قانون کی 2022 ترامیم سے ہم آہنگی کے لیے اجتماعی تعلیمی کونسلوں کی ساخت کے متعلق متعدد دفعات میں تجدید کرتا ہے، یعنی: ایک ووٹ ڈالنے والے ایک ایسے نئے والدین ممبر کا اضافہ کرتا ہے جس کا بچہ ضلع 75 کے ایک اسکول یا پروگرام میں شرکت کر رہا ہے یا گزشتہ دو سالوں میں شرکت کر چکا ہے؛ اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے دوسرے طالبِ علم رکن کا اضافہ کرتا ہے۔
- ضلع 75 اسکولوں اور پروگراموں کی نمائندگی کرنے والے ووٹ ڈالنے والے نئے ممبر کا انتخاب کرنے کے طریقِ کار کو، اور ایسے عہدے کے خالی ہونے کی صورت میں اس کو پُر کرنے کے طریقِ کار کو قائم کرتا ہے (جُز IX, V)۔

Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-140**
موضوع: **اجتمائی تعلیمی کونسلوں کے اراکین کی نامزدگی اور انتخاب بشمول خالی آسامیوں کو پُر کرنے کا طریقِ کار**
زمرہ: **اجتمائی تعلیمی کونسلیں**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2022**

**خلاصه**

یہ ضابطہ اہلیت کے مطلوبات اور نامزدگی اور اجتمائی تعلیمی کونسل ("CEC") ممبران کے انتخاب / منتخب کرنے کے طریقِ کار کی تفصیلات بیان کرتا ہے۔ یہ آسامیوں کو پُر کرنے کا طریقِ کار بھی فراہم کرتا ہے۔

## I. ساخت

ہر اجتمائی اسکول ضلع میں ایک اجتمائی تعلیمی کونسل ("CEC") لازماً ہونی چاہئیے جو 12 ووٹ دینے والے اراکین اور دو ووٹ نہ دینے والے طلبا پر مشتمل ہو۔ ووٹ دینے کے قابل نو اراکین کو اس ضابطے میں قائم کردہ طریقئہ ہائے کار کی پابندی کر کے منتخب کیا جاتا ہے اور لازمی ہے کہ، یہ اپنے انتخاب کے وقت کنڈرگارٹن سے آٹھویں گریڈ تک کے بچوں کے والدین ہوں، یا پری کنڈرگارٹن (Pre-K) پروگرام میں ہوں، جو ایک ایسے اسکول یا پری کنڈرگارٹن پروگرام میں شرکت کرتے ہوں جس کی پیشکش ایک ایسے اسکول کی جانب کی گئی ہو جو اجتمائی اسکول ضلع کے زیرِ نگرانی ہو۔ ووٹ دینے والے دسویں ممبر کو اس ضابطے میں قائم کردہ طریقِ کار کے مطابق منتخب کیا جانا چاہیئے اور لازمی ہے کہ، ان کے انتخاب کے وقت ان کو اس ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں ایک طالب علم کا والدین ہونا چاہیئے جو اس CEC کے جغرافیائی ضلع میں واقع ہو۔ باقی دو ووٹ دینے والے اراکین کا تقرر برو صدر کرتا ہے۔ طالبِ علم اراکین کا تقرر اجتمائی مہتمم کرتا ہے۔

## II. اہلیت

A. والدین

1. نو والدین اراکین جو CEC میں کام کر رہے ہیں وہ ایسے والدین ہونگے جنکے بچے اجتمائی اسکول ضلع کے زیرِ نگرانی پیش کیے گئے کسی اسکول یا کسی پری کنڈرگارٹن پروگرام میں جاتے ہوں، یا پچھلے دو سال کے دوران کسی ایسے اسکول یا پری کنڈرگارٹن پروگرام میں گئے ہوں۔
2. ایک والدین رکن کا ایسے والدین ہونا لازمی ہے جنکا بچہ ایک ایسے ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں جاتا ہو جو اس CEC کے جغرافیائی ضع میں واقع ہو یا پچھلے دو سال کے دوران کسی ایسے اسکول یا پروگرام میں گیا ہو۔

3. ایک والدین کی تشریح بطور والدین (بذریعہ پیدائش یا گود لینے، سوتیلے والدین یا عارضی نگہداشت والدین)، قانونی سرپرست یا بچے سے والدین کے رشتے میں وابستہ فرد کے طور پر کی جاتی ہے۔ بچے سے ایک والدین کے رشتے سے وابستہ فرد ایک ایسا فرد ہے جو والدین یا قانونی سرپرست کی جگہ باقاعدگی سے بچے کی نگہداشت اور نگرانی کا براہِ راست ذمہ دار ہے۔

4. کنڈرگارٹن سے آٹھویں گریڈ تک، یا ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام کے طالبِ علم کے والدین، جو فی الوقت اجتمائی اسکول ضلع کے ماتحت پیش کیے گئے کسی اسکول یا کسی پری کنڈرگارٹن پروگرام میں جاتا ہو، وہ اس ضلع کی CEC میں ایک نشست کے لیے انتخاب لڑنے کا اہل ہے۔

5. CEC کے جغرافیائی علاقے میں واقع ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں طالبِ علم کے کوئی بھی والدین CEC کی اس نشست کے انتخابات میں کھڑے ہونے کے اہل ہیں جو ضلع 75 اسکول یا پروگرام ("ضلع 75 نشست") کے طالبِ علم کے والدین کے لیے محفوظ ہے۔

6. اہلیت کا تعین اس تاریخ سے کیا جاتا ہے جب والدین CEC کی ایک نشست کے لیے انتخاب لڑنے کی درخواست جمع کرواتے ہیں۔

7. وہ والدین جن کا ایک بچہ کنڈرگارٹن سے گریڈ آٹھ تک میں ہو جو درخواست دینے کے وقت اہل ہوں، اگر انہیں باضابطہ منتخب کیا جائے، انہیں CEC میں مکمل دو سال کی معیاد کے لیے خدمات انجام دینے کی اجازت ہوگی، چاہے والدین کی معیاد کے دوران انکا بچہ آٹھویں گریڈ سے سندیافتہ ہو جائے اور / یا کسی ایسے اسکول میں درج نہ رہے جو اجتمائی اسکول ضلع کے زیرِ نگرانی ہو۔

8. وہ والدین جن کا ایک بچہ ایک ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں ہو جو درخواست دینے کے وقت اہل ہوں، اگر انہیں باضابطہ منتخب کیا جائے، انہیں CEC میں مکمل دو سالہ کی معیاد کے لیے خدمات انجام دینے کی اجازت ہوگی، چاہے والدین کی معیاد کے دوران انکا بچہ CEC کے جغرافیائی علاقے کے اندر ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں درج نہ رہے۔

9. ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام کے بچے کا والدین جو درخواست دینے کے وقت اہلیت رکھتا ہے، اس وقت اہل نہیں رہے گا اگر اسکا بچہ اسی اجتمائی اسکول ضلع کے ماتحت پیش کیے گئے اسکول یا پری کنڈرگارٹن پروگرام میں جانا چھوڑ دے۔

10. والدین اراکین کی خدمت انجام دینے کی مدت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

B. برو صدر کے نامزدگان

1. برو صدر کے نامزد کردہ دونوں ارکان یا تو اس ضلع میں رہائش پذیر ہوں یا وہاں کاروبار کرتے ہوں اور وہاں کا اچھا خاصا کاروباری، تجارتی یا تعلیمی تجربہ اور علم رکھتے ہوں۔ ایسے اراکین کی خدمت انجام دینے کی مدت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

2. CEC میں برو صدر کے ذریعے تقرری کے خواہاں افراد کو محکمئہ تعلیم کے دفتر برائے خاندانی اور اجتمائی عطائے اختیار ("FACE") سے ایک درخواست حاصل کرنی چاہیئے، اور مکمل کردہ فارم کو ccecinfo@schools.nyc.gov کے ذریعے FACE کے پاس جمع کروانا چاہیئے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور اہل درخواستوں کو موزوں برو صدر کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے برو صدر کی صوابدید پر ہوں گے۔

C. طالب علم اراکین (ووٹ نہ ڈالنے والا)

1. ہائی اسکول کے وہ طلبا جو اپنی خدمت کے سال کے دوران سینئر ہو جائیں گے، جو اسی اجتمائی اسکول ضلع میں رہتے ہوں جہاں وہ خدمت کریں گے، اور جو اپنے اسکول کی منتخب کردہ طلبا کی حکومت کا حصہ ہیں، وہ کمیونٹی مہتمم کی جانب سے تقرر کیے جانے کے اہل ہیں۔ طلبا کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اُنہی اجتمائی اسکول اضلاع کے ہائی اسکولوں میں تعلیم حاصل کریں جہاں وہ خدمت کریں گے۔ اگر منتخب طلبا کی حکومت میں سے کوئی سینئر خدمت کے لیے دستیاب نہیں ہے، وہ سینئرز جو دیگر منتخب قیادتی عہدوں (مثلاً، ایک کلب کا صدر) پر فائز ہیں انہیں زیرغور لایا جا سکتا ہے۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے وہ طالبِ علم سینئر ہے جن کے پاس ہائی اسکول کے 30 کریڈٹس ہوں۔

2. دلچسپی رکھنے والے طلبا کو FACE سے درخواست حاصل کرنا اور ccecinfo@schools.nyc.gov پر FACE کے پاس مکمل کردہ درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور اہل درخواستوں کو متعلقہ اجتمائی ضلع مہتمم کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے مہتمم کی صوابدید پر ہوں گے۔

3. ووٹ نہ دینے والے طالبِ علم ارکان کی خدمت انجام دینے کی مدت ایک سال ہے جس کا آغاز 1 جولائی سے ہوتا ہے اور اختتام اگلے سال کی 30 جون کو ہوتا ہے۔

D. خدمات سرانجام دینے کے لیے نااہل افراد

1. مندرجہ ذیل افراد اہل نہیں ہیں:

a. منتخب کردہ عوامی عہدہ رکھنے والے افراد یا منتخب کردہ یا تقرر کردہ پارٹی عہدے داران (ماسوائے ایک قومی، ریاستی، عدالتی یا دیگر پارٹی اجتماع کے لیے نمائندہ یا متبادل نمائندہ، یا کسی کاؤنٹی کمیٹی کا رکن)؛

b. موجودہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم ("DOE") کے ملازمین؛

c. وہ افراد جو کسی دوسری CEC یا شہرپیما کونسل میں ہوں؛

d. تعلیمی پالیسی پَینل کے اراکین؛

e. وہ افراد جنہیں انجمنِ والدین یا والدین - اساتذہ کی انجمن، اسکول قیادتی ٹیم، صدور کی کونسل، برو ہائی اسکول کونسل، یا زمرہ I کمیٹی سے کسی ایسے غیر قانونی فعل کے باعث نکالا گیا ہو، جن کا تعلق براہ راست ایسی انجمن، ٹیم، کونسل، یا کمیٹی میں خدمت سے ہو؛ اور

f. وہ افراد جن کے بارے میں محکمئہ تعلیم کے افسرِ اخلاقیات یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سے مفادات کا تصادم ہو رہا ہے۔

2. مندرجہ ذیل افراد نااہل ہو سکتے ہیں:

a. جو افراد بدعنوانی کی کسی حرکت میں ملوث تھے جس کا براہ راست تعلق انکی CEC یا کسی شہر پیما کونسل میں خدمت سے ہو؛ یا

b. جن افراد کو کسی جرم میں مجرم قرار دیا گیا ہو، بشرطیکہ کسی ایسے اثبات جرم کو نیویارک ریاست تصحیحی قانون کی دفعہ A-23 کے مطابق زیرِ غور لایا گیا ہو۔

## III. CEC کے انتخابات میں کھڑے ہونے کے خواہاں افراد

A. انتخابی سال کے جنوری میں آغاز کرتے ہوئے FACE انتخابات کے طریقِ کار کے بارے میں عوامی تشہیر کرے گا، بشمول درخواست جمع کروانے کے گوشوارہ وقت اور ووٹ ڈالنے کے بارے میں۔

B. وہ والدین جو CEC میں خدمات انجام دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں انہیں آن لائن نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ ("NYCSA") کے ذریعے ایک درخواست جمع کروانی چاہیئے۔ جن والدین کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہے، وہ اپنے والدین رابطہ کار یا پرنسپل کے ساتھ اپنے اسکول یا ضلع دفتر میں ایک کمپیوٹر کو استعمال کرنے کا انتظام کرنے یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی کی معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

C. درخواست دہندگان کو اپنی درخواست میں یہ تصدیق کرنی چاہیئے کہ انہوں نے محکمئہ تعلیم کے اسکولوں میں شرکت کرنے والے اپنے تمام بچوں کو اپنے NYCSA اکاؤنٹ سے منسلک (لنک) کر دیا ہے۔ CEC میں درخواست دینے والے امیدوار کو اجتمائی اسکولی ضلع کے ماتحت ہر اس اسکول کا نمائندہ تصور کیا جائے گا جن میں فی الوقت ان کا ایک بچہ شرکت کرتا ہے۔ ضلع 75 نشست کے لیے درخواست دینے والے ایک امیدوار کو CEC ضلع کے جغرافیائی علاقے کے اندر ہر اس ضلع 75 اسکول یا پروگرام کا نمائندہ تصور کیا جائے گا جن میں فی الوقت ان کا ایک بچہ شرکت کررہا ہے۔ امیدوار کے لیے ایسے ہر اسکول کے متعلق معلومات فراہم کرنے میں ناکامی کی صورت میں جہاں سے امیدوار ایک نمائندہ ہے، نااہل قرار دیے جانے کی بنیاد بن سکتا ہے۔

D. امیدواران جتنی چاہے اجتمائی اور / یا شہر پیما تعلیمی کونسلوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جن کونسلوں میں وہ اہل ہیں لیکن، اگر منتخب ہوئے تو انہیں صرف ایک (کونسل) میں خدمات انجام دینے کی اجازت ہوگی۔ وہ امیدواران جو متعدد کونسلوں میں درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں ان کی ترجیحی درجہ بندی کرنا ضروری ہے؛ اگر وہ ایک سے زائد کونسلوں سے منتخب ہوئے تو ان کو ان کی اول ترین درجہ بند کونسل میں نشست دی جائے گی۔

E. اجتمائی تعلیمی کونسل CEC میں کم از کم ایک نشست ایسے طالب علم کے والدین کے ذریعے پُر کی جانی چاہیئے جو ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کا حامل ہے یا کسی وقت تھا (IEP" والدین") امیدوار جو اس نشست کے لیے زیرِ غور لائے جانا چاہتے ہیں، انہیں اس حقیقت کے بارے میں معلومات ظاہر کرنے کی اجازت دینی ہو گی کہ امیدوار ایک IEP (کے حامل بچے کا) والدین ہے۔

F. اجتمائی تعلیمی کونسل CEC میں کم از کم ایک نشست ایسے طالب علم کے والدین کے ذریعے پُر کی جانی چاہیئے جو ایک انگریزی زبان کا متعلم ہے یا کسی وقت تھا ("ELL والدین") انگریزی زبان کا متعلم ایک ایسا طالبِ علم ہے جس کی آبائی زبان انگریزی نہیں ہے اور جو ایک دوہری زبان، عبوری دولسانی تعلیم یا انگریزی بطور ایک نئی زبان پروگرام میں مندرج ہے کیونکہ طالبِ علم کو انگریزی سیکھنے میں معاونت کی ضرورت ہے۔ ایک امیدوار جو CEC میں بحیثیت ایک ELL والدین خدمت کرنا چاہے انہیں اس حقیقت کے بارے میں معلومات ظاہر کرنے کی اجازت دینی ہو گی کہ امیدوار ایک ELL والدین ہے۔

## IV. امیدواروں کے فورمز

A. ہر اجتمائی اسکول ضلع میں، صدور کونسل کو، FACE کے اشتراک میں اور انتظامی معاونت کے ساتھ، کم از کم ایک امیدواروں کا فورم منعقد کرنا چاہیئے جہاں امیدواروں کو والدین اور دیگر دلچسپی رکھنے والے فریقین کے سامنے پیشکشیں کرنے کی اجازت ہو۔

B. ضلع 75 نشست کے انتخاب میں کھڑے ہونے کے خواہاں امیدواروں کے لیے امیدواروں کے ایک علیحدہ فورم کا انعقاد کیا جا سکتا ہے۔

C. امیدوار کے تمام فورمز کا انعقاد درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ گزر جانے کے بعد ہونا چاہیے، لیکن ووٹ ڈالنے کے دورانیے کے آغاز سے قبل، جسے اس انتخابی سال کے مئی کے دوسرے منگل تک مکمل ہو جانا چاہیئے۔

D. امیدوار کے فورمز کا انعقاد ایک طبیعی جگہ میں یا ورچؤل اجلاس کے پلیٹ فارم پر کیا جا سکتا ہے۔ صدور کی کونسل کو FACE کے ساتھ ملکر امیدوار کے ہر فورم کی تاریخ، وقت اور وضع طے کرنی چاہیئے۔ خود موجودگی (اِن پرسن) فورم کی صورت میں، FACE ایک قابلِ رسائی ADA کی پیروی کرنے والے مقام کو محفوظ کرے گا اور محکمئہ تعلیم کے مقامات کے لیے تمام ضروری اجازت نامے حاصل کرنے کی ذمہ داری لے گا اور اخراجات برداشت کریگا۔ ورچؤل پلیٹ فارم پر منعقد کیے جانے والے فورم کی صورت میں، FACE پلیٹ فارم کے اخراجات برداشت کرے گا اور اجلاس کے دوران تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

E. امیدوار کے ہر فورم سے قبل، FACE کو ہر امیدوار کی درخواست کے حصوں کو دستیاب رکھنا چاہیئے جس میں امیدوار کے نام، بچے (بچوں) کے اسکول اور پروگرامز، اور ذاتی بیان ("امیدوار کا پس منظر" (پروفائل)) کی نشان دہی کی جانی چاہیئے۔ امیدواروں کے پس منظروں (پروفائل) کو والدین اور عوام کے دیکھنے کے لیے محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا۔ FACE خود موجودگی میں منعقد کیے جانے والے امیدواروں کے فورمز میں تقسیم کرنے کے لیے نقول بھی فراہم کریگا۔

## .V انتخاب کا طریقِ کار

### A. ووٹ دینے کے اہل افراد

1. کنڈرگارٹن سے آٹھویں گریڈ تک، یا ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام کے طالب علم کے والدین، جو فی الحال کسی اسکول یا کسی ایسے اسکول کے پیش کیے جانے والے پری کنڈرگارٹن پروگرام میں شرکت کرتا ہو جو کمیونٹی اسکول ضلع کے دائرہ اختیار میں آتا ہو، وہ اس ضلع میں CEC کے لیے ووٹ ڈالنے کا اہل ہے۔
2. CEC ضلع کے جغرافیائی علاقے میں واقع ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں طالبِ علم کا والدین ضلع 75 نشست کے لیے ووٹ دینے کا اہل ہے۔
3. تین ووٹ فی اہل طالبِ علم ڈالے جا سکتے ہیں۔

### B. ووٹ ڈالنا

1. والدین کی NYCSA ایپلیکشن کے ذریعے آن لائن ووٹ ڈالنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
2. جن والدین کو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل نہیں ہے وہ اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار یا پرنسپل کے ساتھ اپنے اسکول یا ضلعی دفتر میں کمپیوٹر کو استعمال کرکے NYCSA اکاؤنٹ بنانے اور ووٹ دینے کے لیے انتظام کر سکتے ہیں، یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی حاصل کرنے کے بارے میں معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

3. کاغذی بیلیٹس مہتمم کے دفاتر میں بھی دستیاب ہوں گے۔ اگر مہتمم کا دفتر ایک NYCSA اکاؤنٹ تشکیل دیتا ہے اور والدین کی جانب سے والدین کا ووٹ ڈالتا ہے، تو مہتمم کے دفتر کو ان والدین کا مکمل کردہ کاغذی بیلیٹ (بیلیٹس) کے ریکارڈز رکھنا لازمی ہے جسے والدین کے مکمل کردہ انتخاب کی نشاندہی، NYCSA کا اکاؤنٹ بنانے اور والدین کی جانب سے ان کا ووٹ ڈالنے کے والدین کے اجازت نامے اور مہتمم کے دفتر کا والدین کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے تصدیق نامے پر مشتمل ہونا چاہئیے۔

**C. امیدواروں کو نشستیں دینا**

1. CEC کے نو منتخب کردہ ارکان جن کے لیے اجتماعی اسکول ضلع کے زیر نگرانی ایک اسکول یا پری کنڈرگارٹن پروگرام میں شرکت کرنے والے بچے کا والدین ہونا لازمی ہے، ان میں سے کم سے کم ایک کا IEP والدین اور کم سے کم ایک کا ELL والدین ہونا لازمی ہے۔ بقیہ سات نشستوں کو کوئی بھی اہل والدین پُر کرسکتے ہیں۔ اسکے علاوہ، تمام نشستیں پُر کرنے کے لیے اور / یا ایک IEP والدین اور ایک ELL والدین کو نشست دینے کی حد تک، کسی بھی اسکول کا CEC پر ایک سے زیادہ نمائندہ نہیں ہونا چاہیئے۔ جب بیلیٹس کی گنتی (ٹیلی) کی جاتی ہے:

a. سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے سات امیدواروں کو مشروط طور پر ایک نشست پُر کرنے کے لیے منتخب کیا جائیگا۔ البتہ، اگر ان سات امیدواروں میں ایک سے زائد امیدوار ایک ہی اسکول سے شامل ہیں تو سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو منتخب کیا جائے گا، اسی اسکول کے کم ووٹ حاصل کرنے والے امیدواروں کو ہٹا دیا جائے گا، اور ایک ایسے اسکول کے اگلے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو مشروط طور پر منتخب کیا جانا چاہیئے جس اسکول کی نمائندگی CEC پر پہلے سے موجود نہیں ہے۔

b. اگر ایک IEP والدین اور ایک ELL والدین ان سات امیدواروں میں سے ہیں جو اسہی اسکول (اسکولوں) سے امیدواروں کو ہٹانے کے بعد مشروط طور پر منتخب ہوئے ہیں، سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ والے اگلے دو امیدوار جنکا پہلے سے مشروط طور پر منتخب سات امیدواروں کے ساتھ کوئی مشترکہ اسکول نہیں ہے انہیں CEC میں بقایا دو نشستوں کو پُر کرنے کے لیے مشروط طور پر منتخب کیا جاسکتا ہے۔

c. اگر ایک IEP والدین اور / یا ایک ELL والدین ان سات امیدواروں میں سے نہیں ہیں جو اسہی اسکول (اسکولوں) سے امیدواروں کو ہٹانے کے بعد مشروط طور پر منتخب ہوئے ہیں، تب سب سے زیادہ تعداد میں ووٹوں والے، IEP والدین اور ELL والدین، حسب ترتیب، مشروط طور پر منتخب کیے جائیں گے۔ اگر ایسے IEP والدین اور ELL والدین اگر اسہی اسکول سے ہیں جس سے ایک پہلے سے منتخب کردہ امیدوار ہے اور ایک اور IEP والدین اور / یا ELL والدین امیدوار ایک اسکول سے ہیں جسکی CEC میں پہلے سے نمائندگی نہیں ہوئی ہے، تب جس اسکول کی نمائندگی CEC پر پہلے سے موجود نہیں ہے اس کے سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ لینے والے IEP والدین اور ELL والدین مشروط طور پر منتخب کیے جائیں گے۔

d. ایک امیدوار جو IEP والدین اور ELL والدین دونوں ہے تو انہیں یا تو IEP یا ELL نشست کو پُر کرنے کے لیے تقرر کیا جائے گا، جیسے کہ CEC کی تمام نشستوں کو پُر کرنے کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہو۔

2. ضلع 75 کی نشست کے لیے ووٹوں کی گنتی علیحدہ کی جائے گی اور سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو مشروط طور پر ایک نشست کو پُر کرنے کے لیے منتخب کیا جائیگا۔ ایک ایسا امیدوار جس کو اجتماعی اسکول ضلع کے زیرِ نگرانی ایک اسکول کے نمائندے کے طور مشروط طور پر اور ضلع 75 نشست، دونوں کے لیے مشروط طور پر منتخب کیا گیا ہے ان کو ضلع 75 کی نشست کے لیے تقرر کیا جائے گا۔

**D. ضمنی انتخابات**

1. ضمنی انتخابات کا انعقاد اس وقت کیا جانا چاہیئے جب:

   a. امیداواروں کے درمیان یا مابین ووٹوں کی تعداد مساوی ہو جائے؛

   b. IEP والدین اور / یا ELL والدین، یا ضلع 75 کی نشست کے لیے کسی بھی امیدوار نے کوئی ووٹ حاصل نہیں کیے ہیں؛ یا

   c. تمام امیدواروں کو جنکا ایک مشترکہ اسکول نہیں ہے CEC میں ابتدائی طور پر نشست دیئے جانے بعد ایک یا زائد نشستیں خالی رہ جائیں۔

2. امیدواروں کے درمیان یا مابین مساوی ووٹوں کی تعداد کی صورت میں، صرف مساوی ووٹ رکھنے والے امیدواران ہی ضمنی انتخاب میں شامل ہوں گے۔

3. ایک IEP والدین کے کوئی بھی ووٹ حاصل نہ کرنے کی وجہ سے ایک ضمنی انتخاب کی صورت میں، صرف وہ ہی امیدوار جو کہ ایک IEP والدین ہیں IEP نشست کے لیے ضمنی انتخاب میں شامل ہو سکیں گے۔ ایک ELL والدین کے کوئی بھی ووٹ حاصل نہ کرنے کی وجہ سے ایک ضمنی انتخاب کی صورت میں، صرف وہ ہی امیدوار جو کہ ایک ELL والدین ہیں ELL نشست کے لیے ضمنی انتخاب میں شامل ہو سکیں گے۔

4. ایک یا زائد نشستوں کے پُر نہ ہونے کی وجہ سے ضمنی انتخاب کی صورت میں اور / یا CEC میں پہلے ہی نمائندگی رکھنے والے اسکولوں میں جانے والے بچوں کے والدین کو ہٹائے جانے کے بعد اگر کسی IEP والدین یا ELL والدین نے نشست حاصل نہیں کی ہے، صرف وہ امیدواران جن کو مشروط طور پر منتخب نہیں کیا گیا ہے اور جنکے بچے نشتیں پُر کرنے والے امیدواروں کے مابین پہلے سے نمائندگی کرنے والے اسکول میں شرکت نہیں کرتے ہیں وہ ان ضمنی انتخابات میں حصہ لیں گے۔ اگر ضمنی انتخابات تمام نشستوں کو پُر کرنے میں یا ایک IEP یا ELL والدین کو نشست دلانے میں ناکام رہتے ہیں تو پھر CEC میں اسکولوں کے ایک سے زائد نمائندگان نہ ہونے کی پابندی کا اطلاق نہیں ہو گا۔

5. جب ضمنی انتخابات کا نتیجہ برابر ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمۂ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

6. اگر ضمنی انتخابات کے مذکورہ بالا میں قائم کردہ طریقِ کار کے ذریعے تمام نشستیں پُر نہیں ہو سکیں تو کونسل میں خالی آسامی کی موجودگی تصور کی جائے گی، جس کو اس ضابطہ کے جز IX.A. میں بیان کیے گئے طریقِ کار کے مطابق پُر کیا جانا چاہیئے۔

## VI. بعد از انتخاب قابلیت / اہلیت کا جائزہ

A. امیدواران کے مشروط انتخاب کے بعد لیکن انکے عہدہ سنبھالنے سے قبل، FACE یہ تعین کرے گا کہ آیا یہ CEC میں خدمات سرانجام دینے کے اہل ہیں۔ اگر FACE یہ تعین کرتا ہے کہ ایک امیدوار اہل نہیں ہے، FACE ایک تحریری فیصلہ جاری کریگا جس میں اس کے جاری کیے جانے کی حقیقی اور قانونی وجہ شامل ہوگی۔ اگر FACE کسی امیدوار کو نااہل قرار دیتا ہے تو اسکی جگہ وہ امیدوار لے گا جس نے اسکے بعد سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کیے تھے، اور امیدوار کا تعلق ایک ایسے اسکول سے ہے جسکی پہلے ہی CEC میں نمائندگی نہیں ہے۔

B. اگر کوئی منتخب کردہ امیدوار انتخابی سال کے 30 جون کو یا اس سے قبل، نااہل یا ناموزوں ہو جاتا ہے، تو وہ امیدوار جسکو ابتدائی انتخابی کارروائی میں اسکے بعد سب سے زیادہ ووٹ ملے ہوں جو ایسے اسکول سے نہ ہو جسکی پہلے سے CEC میں نمائندگی ہو، مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا۔

C. اگر ایک نااہل یا ناموزوں قرار دیے جانے والا امیدوار وہ واحد IEP والدین ہے جو منتخب ہوا تھا تو وہ IEP والدین جس کے پاس ابتدائی انتخابی کارروائی میں ووٹوں کی تعداد کی دوسری بڑی سبقت ہے اور جو ایسے اسکول سے نہ ہو جسکی پہلے سے CEC میں نمائندگی ہو، اسے مشروط طور پر منتخب سمجھا جائے گا۔

D. اگر ایک نااہل یا ناموزوں قرار دیے جانے والا امیدوار وہ واحد ELL والدین ہے جو منتخب ہوا تھا تو وہ ELL والدین جس کے پاس ابتدائی انتخابی کارروائی میں ووٹوں کی تعداد کی دوسری بڑی سبقت ہے اور وہ ایسے اسکول سے نہ ہو جسکی پہلے سے CEC میں نمائندگی ہو، اسے مشروط منتخب سمجھا جائے گا۔

E. اگر اس حصے میں خاکہ کش کردہ کے مطابق امیدواروں کے انتخاب کا نتیجہ برابر کے ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمۂ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

F. اگر انتخاب کے لیے کوئی بھی اہل امیدوار دستیاب نہیں رہتا، تو کونسل میں ایک خالی آسامی کا وجود باور کیا جائے گا، جو اس ضابطہ کے حصہ IX.A میں بیان کردہ طریقِ کار کے مطابق پُر کی جائے گی۔

## VII. اوقات کا تعین

A. CEC ممبران کے انتخابات کا انعقاد طاق سالوں میں ہر دو سال میں کیا جانا چاہیئے۔ سوائے کسی ضروری ضمنی انتخابات کے، مئی کے دوسرے منگل تک ووٹ ڈالنے کا اختتام ہو جائیگا۔

B. انتخابات منعقد کیے جانے والے سال کے جنوری میں انتخابات کی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا، جس میں FACE کی جانب سے CECs میں ذمہ داریوں، نظام اور سرگرمیوں کے متعلق عام معلومات، امیدوار کی معلومات کے ساتھ ساتھ درخواست کی نوعیت اور ووٹ ڈالنے کے طریقِ کار کے متعلق معلومات کو تقسیم کیا جائے گا۔

C. CEC کے اراکین کی معیاد کا آغاز انتخابات کے بعد 1 جولائی سے ہوگا اور اس کا اختتام دو سال بعد 30 جون کو ہو گا۔ CEC کے تمام ارکان سے اپنی معیاد کا آغاز کرنے سے قبل FACE کے ذریعے انتظام کیے گئے واقفیتی اجلاس میں شرکت کرنا اور ان کی معیاد کے دوسرے سال میں کم سے کم ایک اضافی تربیت موصول کرنا مطلوب ہے۔

## VIII. استعفے

A. والدین اراکین

والدین رکن کے استعفے تحریری اور FACE کی جانب ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجے جانے چاہئیں۔ FACE کے موصول کرنے پر استعفے فوراً نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ دی گئی ہو۔ استعفے واپس، منسوخ، یا ان میں ترمیم نہیں کی جا سکتی ماسوائے FACE کی اجازت کے۔

B. برو صدر کے تقرر کردہ

برو صدر کے تقرر کردہ کے استعفوں کو تحریر میں ہونا لازمی ہے، ان کو تقرر کرنے والے برو صدر کے نام ہونا چاہیئے، اس کے ساتھ ایک نقل FACE کو ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجی جانی چاہیئے۔ برو صدر کے موصول کرنے پر استعفے نافذالعمل ہوں گے، ماسوائے ایک مستقبل کی تاریخ معین کی گئی ہو۔ استعفے واپس، منسوخ، یا ان میں ترمیم نہیں کی جا سکتی بجز تقرر کرنے والے برو صدر کی اجازت کے۔

C. طالبِ علم اراکین

طالبِ علم رکن کے استعفوں کو تحریر میں ہونا لازمی ہے، ان کو تقرر کرنے والے اجتمائی مہتمم کے نام ہونا چاہیئے، اس کے ساتھ ایک نقل FACE کو ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجی جانی چاہیئے۔ اجتمائی مہتمم کے موصول کرنے پر استعفے نافذالعمل ہوں گے، ماسوائے ایک مستقبل کی تاریخ معین کی گئی ہو۔ استعفے واپس، منسوخ، یا ان میں ترمیم نہیں کی جا سکتی بجز تقرر کرنے والے اجتمائی مہتمم کی اجازت کے۔

## IX. خالی آسامیاں

A. والدین رکن اور برو صدر کے تقرر کردہ کی خالی آسامیاں

1. CEC کے وہ اراکین جو اپنی معیاد کے دوران CEC کے معمول میں شیڈول کردہ تین اجلاس میں کسی مستند تحریری وضاحت کے بغیر شرکت کرنے سے انکار کرتے ہیں یا غفلت برتے ہیں جبکہ انکی اطلاع انہیں معقول انداز میں دی جا چکی ہو، ان کو عہدہ چھوڑ دینے والا تصور کیا جائے گا۔

a. ہر غیرحاضری اور کسی بھی فراہم کردہ تحریری معذرت کو اس اجلاس کی باضابطہ روداد میں شامل کیا جانا چاہیئے۔

b. ذیلی غیرحاضریاں مستند جواز سمجھی جائیں گی: کسی رشتہ دار کا انتقال یا کسی رشتہ دار کے جنازے میں شرکت؛ CEC کے رکن یا اہلِ خانہ کی سنگین بیماری یا زخمی ہو جانا؛ عدالت میں لازمی پیشی بشمول جیوری خدمت کے؛ فوجی خدمت؛ ملازمت سے متصادم جو CEC اجلاس سے غیرحاضری کو ناگریز بنا دے؛ اور دیگر وجوہات جنہیں CEC مناسب قرار دے۔ ایسے دیگر جواز کو مستند تصور کیا جائے گا بشرطیکہ ان کو غیر حاضری کے بعد 15 دنوں کے اندر CEC کو تحریر میں پہنچایا جائے اور ان کو CEC کے اگلے معمول کے شیڈول کردہ ایسے ماہانہ اجلاس میں ووٹ دینے کے ذریعے منظور کیا جائے جس میں اجلاس کی حاضری کی مطلوبہ تعداد پوری ہو۔

c. تیسری غیر معاف شدہ غیرحاضری کے بعد، CEC کو قرارداد کے ذریعے وہ نشست خالی قرار دے دینی ہوگی اور FACE کو اپنے اس فعل سے مطلع کرنا چاہیے۔ برو صدر کے تقرر کردہ کی ایک نشست کو خالی قرار دینے کی صورت میں، CEC کو برو صدر کو بھی مطلع کرنا چاہیئے۔

2. ضلع 75 کی نشست کے علاوہ جب ایک والدین رکن کی ایک آسامی خالی ہو جائے تو، CEC کو میعاد کی باقی ماندہ مدت کے لیے ایک عوامی اجلاس میں انتخابات کے ذریعے خالی عہدے کی آسامی کو پُر کرنا چاہیئے۔

a. CEC خالی آسامی کی عوامی تشہیر بھر پور انداز میں کرے گی، درخواست کے طریقِ کار کی وضاحت کرے گی اور درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ مقرر کرے گی۔

b. تمام امیدواروں کے لیے FACE سے CEC کی ایک خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا اور مکمل کردہ درخواست FACE کو واپس کرنا لازمی ہے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اور اہل امیدواروں کی درخواست کے حصوں کو CEC کو بھیجے گا۔

c. اگر خالی آسامی ایک IEP کے والدین کی نشست کی ہے اور CEC کے بقایا ارکان میں سے کوئی بھی والدین ایک IEP والدین نہیں ہیں تو اہل امیدواران صرف IEP والدین ہوں گے۔ اگر خالی آسامی ایک ELL کے والدین کی نشست کی ہے اور CEC کے بقایا ارکان میں سے کوئی بھی والدین ایک ELL والدین نہیں ہیں تو اہل امیدواران صرف ELL والدین ہوں گے۔

d. اجتمائی اسکول ضلع کے صدور کونسل اور دوسرے تعلیمی گروپوں کو آسامی پُر کرنے سے پہلے تحریری تجاویز دینے کا اور CEC کے ساتھ مشاورت کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ IEP والدین یا ELL والدین کو IEP والدین یا ELL والدین کی ایک خالی نشست کو پُر کرنے کے لیے منتخب کرنے سے قبل CEC کو شہر پیما کونسل برائے خاص تعلیم یا شہر پیما کونسل برائے انگریزی زبان متعلمین سے مشورہ کرنا چاہئیے۔

3. اگر کوئی آسامی مساوی ووٹ کے باعث اس کے اعلان کیے جانے کے 60 ایام کے اندر CEC کے ذریعے پُر نہیں کی جاتی ہے، تو چانسلر فیصلہ کُن ووٹ ڈالے گا۔ اگر CEC کسی دیگر وجہ سے 60 دنوں میں خالی نشست پُر نہ کر سکی، چانسلر CEC کو تعلیمی قانون کے حصہ 2590-I کے تحت خالی نشست پُر کرنے کا حکم دے گا۔

4. جب برو صدر کے ذریعے تقرر کردہ عہدے کے لیے آسامی خالی ہوتی ہے، تو برو صدر کو بقایا معیادی مدت کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے کسی رکن کا تقرر کرنا ہوگا۔ دلچسپی رکھنے والے افراد کو FACE سے CEC ایک برو صدر کے تقرر کردہ کی درخواست حاصل کرنا اور مکمل کردہ درخواست FACE کو واپس کرنا لازمی ہے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اور درخواست موزوں برو صدر کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے برو صدر کی صوابدید پر ہوں گے۔

5. جب ضلع 75 کی ایک نشست خالی ہو جاتی ہے تو ضلع 75 صدور کی کونسل شیڈول کردہ معمول کے اجلاس میں ختم نہ ہوئی معیاد کے لیے نشست کو پُر کرے گی۔ ضلع 75 صدور کی کونسل خالی آسامی کی تشہیر کرے گی، اور درخواستوں کو FACE کے پاس جمع کروائے گی جیسا کہ حصہ IX.A.2.b میں بیان کیا گیا ہے۔ صرف اہل درخواست دہندگان کو ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں شامل طلبا کا والدین ہونا چاہیئے جو CEC کے جغرافیائی ضلع میں واقع ہو۔

B. طالبِ علم رکن کی خالی آسامیاں

ایک طالب علم کی خالی نشست کی صورت میں، اجتمائی مہتمم بقایا رہنے والی مدت میں خدمت کے لیے اہل طلبا کی فہرست میں سے کسی اور سینئر کا تقرر کرے گا۔ مہتمم FACE اور CEC کو اس تقرری سے آگاہ کرے گا۔

## X. شکایت کا طریقِ کار

اس ضابطه کی تعمیل کے بارے میں شکایات کو چانسلر کو مبینه خلاف ورزی کے پانچ (5) دنوں کے اندر تحریر میں جمع کروانی چاہیئے، اور اس میں شکایت کی مخصوص وجوہات کا شامل ہونا لازمی ہے۔

## XI. تکنیکی معاونت

FACE اس ضابطه میں موجود طریقِ کار کے نفاذ پر نظر رکھے گا، اور حسبِ ضرورت تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

## XII. استفسارات

اس ضابطه سے متعلق استفسارات کو ذیلی پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Family and Community Engagement

N.Y.C. Department of Education

52 Chambers Street - Room 409

New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212-374-4118

ای میل: CCECinfo@schools.nyc.gov